## جب تک فرسودہ جاگیردارانہ نظام نہیں بدلے گا اس وقت تک ملک کی حالت نہیں بدل سکتی۔الطاف حسین

## ہماری جدوجہد اقتدار کے حصول کیلئے نہیں بلکہ فرسودہ نظام بدلنے کیلئے ہے،متحدہ قومی موومنٹ کے گیارہویں یوم تاسیس پر بیان

لندن۔۔۔25/جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی جدوجہد اقتدار کے حصول کیلئے نہیں بلکہ ملک کا فرسودہ نظام بدلنے کیلئے ہے اور جب تک ملک کا فرسودہ جاگیردارانہ نظام نہیں بدلے گا اس وقت تک ملک کی حالت نہیں بدل سکتی۔انہوں نے یہ بات متحدہ قومی موومنٹ کے گیارہویں یوم تاسیس پر اپنے ایک بیان میں کہیں۔یادرہے کہ مہاجرقومی موومنٹ کو26جولائی1997ءکو''متحدہ قومی موومنٹ''میں تبدیل کرنے کا اعلان کیا گیا تھا۔اس موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی کے غریب ومتوسط طبقہ سے جنم لینے والی ایم کیوایم کا پیغام آج کراچی سے نکل کر سندھ کے دوردراز دیہات،صوبہ پنجاب،سرحد،بلوچستان اورآزادکشمیر میں پھیل چکا ہے اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے پر یقین رکھنے والے غریب ومتوسط طبقہ کے افراد متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تمام تر سازشوں اور رکاوٹوں کے باوجود ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد جاری رہے گی۔جناب الطاف حسین نے سندھ،پنجاب،سرحد،بلوچستان اورآزادکشمیر کے تمام کارکنوں،ماؤں،بہنوں،بزرگوں اور ہمدردوں کو متحدہ قومی موومنٹ کے یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کی اور تمام ترنامساعد حالات اور مخالفتوں کے باوجود ثابت قدمی اور مستقل مزاجی سے تحریک کا کام جاری رکھنے پر تمام کارکنوں کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم لیبرڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے رکن مرتضیٰ حسین کے بڑے بھائی

## سید قیصر حسین کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔25/جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیبرڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے رکن مرتضیٰ حسین کے بڑے بھائی سید قیصر حسین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرتضیٰ حسین سمیت مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سہیل دانش مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## فارن رجسٹریشن اسپیشل برانچ کی جانب سے کراچی میں بنگالی نژاد پاکستانیوں کو ہراساں کرنا قابل مذمت ہے۔ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔25/جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے اسپیشل برانچ کی جانب سے کراچی میں مقیم بنگالی نژاد پاکستانیوں کو ہراساں کرنے اور غیرقانونی گرفتاریوں کی مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ فارن رجسٹریشن اسپیشل برانچ (FRSB)اورنادرا کی جانب سے کراچی کے مختلف علاقوں خصوصاً موسیٰ کالونی،مچھر کالونی،اورنگی ٹاؤن،لانڈھی،کورنگی اور براہیم حیدری میں مقیم بنگالی نژاد پاکستانیوں کی بڑے پیمانے پر گرفتاریوں کا سلسلہ جاری ہے جسکے باعث یہ افراد شدید مشکلات اور ذہنی اذیت کا شکار ہیں۔ارکان قومی اسمبلی نے وفاقی مشیرداخلہ رحمان ملک اور صوبائی وزیرداخلہ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی میں مقیم بنگالی نژاد پاکستانیوں کی غیرقانونی گرفتاریوں اور انہیں ہراساں کرنے کا سلسلہ بندکرایا جائے۔

## ایم کیوایم لیبرڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے رکن مرتضیٰ حسین کے بڑے بھائی

## سید قیصر حسین کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اور لیبرڈویژن کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25/جولائی2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبرڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے رکن مرتضیٰ حسین کے بڑے بھائی سید قیصر حسین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔سید قیصر حسین گزشتہ روز دل کا شدید دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے تھے۔رابطہ کمیٹی نے مرتضیٰ حسین اوران کے تمام اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سید قیصر حسین مرحوم کی مغفرت فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے۔دریں اثناء ایم کیوایم لیبرڈویژن کے انچارج وسیم قریشی اور سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان نے بھی مرتضیٰ حسین سے ان کے بھائی کے انتقال پر تعزیت کی ہے اوران کے اہل خانہ سے دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم سکھر زون کے دو یونٹ انچارجز اور پانچ کارکنان کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا گیا

کراچی۔۔۔25/جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی پر ایم کیوایم سکھر زون یونٹ 15 کے یونٹ انچارج انور ملک ولد قطب الدین، جوائنٹ یونٹ انچارج مقیم ولد عبدالحفیظ، یونٹ 15 کی یونٹ کمیٹی کے ارکان عبدالسلام ولد عبدالجبار، شاہ فیصل ولد عبداللہ، یونٹ 11 کے یونٹ انچارج عبدالرب ولد عبدالعزیز، یونٹ کمیٹی کے رکن طاہر ولد عبدالحکیم اور یوسی 11 کے کارکن سعید بندھانی ولد عبدالرحمان کو غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔

## ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے کارکن سہیل دانش کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔25/جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 134/C کے کارکن سہیل دانش کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سہیل دانش مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 134/c کے کارکن سہیل دانش انتقال کرگئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔25/جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ نیوکراچی سیکٹر یونٹ 134/C کا رکن سہیل دانش طویل علالت کے بعد جمعہ کے روز کے روز انتقال کرگئے (انا اللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی عمر 35 سال تھی اور وہ عرصہ دراز سے حلق کینسر کے موذی مریض میں مبتلا تھے اور جناح اسپتال میں زیر اعلاج تھے کہ جمعہ کے روز ان کی حالت اچانک بگڑ گئی تاہم ڈاکٹروں کی تمام کوششوں کے باوجود وہ جانبر نہ ہوسکے اور اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ مرحوم سہیل دانش شادی شدہ تھے اور انہوں نے سوگوارن میں والدہ، بیوہ، چار بھائی اور دو بہنیں چھوڑی ہیں۔ سہیل دانش مرحوم قائد تحریک جناب الطاف حسین والہانہ عقیدت محبت رکھتے تھے اور ان کا شمار ایم کیوایم کے فعال کارکنان میں ہوتا تھا۔ دریں اثناء سہیل دانش مرحوم کو بعد نماز عشاء نیوکراچی 6 نمبر کے صدیق آباد قبرستان میں سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا، مرحوم کی نماز جنازہ جامع مسجد مکّی سیکٹر 11 جے نیوکراچی میں ادا کی گئی، نماز جنازہ اور تدفین ارا کین قومی وصوبائی اسمبلی عبدالوسیم، سید اظہار الحسن، ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے ذمہ داران، علاقائی سیکٹر ویونٹوں کے عہدیداران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 134/C کے کارکن سہیل دانش کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران صبر وجمیل کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون کے زونل ممبر محمود قادر خانزادہ کی ہمشیرہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔25/جولائی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون کی زونل کمیٹی کے رکن محمود قادر خانزادہ کی ہمشیرہ ریحانہ پروین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆